مالیاتی خواندگی طلباء کو ان کے مستقبل کے لیے تیار کرتی ہے

25 نومبر، 2024 میڈیا انکوائریز

فنانشل لٹریسی پروگرامنگ کے تعاون کے ذریعےالبرٹا بھر کے طلباء اپنی بلوغت کی عمرمیں داخل ہونے کے لیے درکار روزمرہ کی زندگی کی بنیادی مہارتیں تیار کر پائیں گے۔

البرٹا کے نوجوانوں کو اپنی بلوغت کی عمرمیں داخل ہوتے وقت، روز مرہ کی زندگی کی جن مہارتوں کو تیار کرنے کی ضرورت ہے، وہ مہارتیں ہیں بچت، بجٹ، سرمایہ کاری اور دانشمندانہ مالی فیصلے کرنے کی صلاحیت۔ البرٹا کی حکومت مالی خواندگی کوگریڈ K سے لے کر گریڈ 12 تک (K-12)کے نصاب میں ضم کر کے اور تین کینیڈین تنظیموں کو طلباء اور اساتذہ کے لیے مخصوص مالیاتی سیکھنے کے وسائل پیش کرنے کے لیے گرانٹ فنڈنگ فراہم کر کے، اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ طلباء کوروزمرہ کی زندگی کی ان بنیادی مہارتوں کو تیار کرنے کا ہر موقع ملے۔

مئی 2022 میں، البرٹا کی حکومت نے مالیاتی خواندگی کے پروگرامنگ میں تین سالوں کے دوران 5 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ طلباء کے پاس وہ مالیاتی معلومات ہیں جن کی انہیں، اپنی زندگی میں ترقی کرنے کے لیے، ضرورت ہے۔ گریڈ 5 سے 12 تک کے طلباء کو نصاب کے ساتھ منسلک شدہ مالیاتی خواندگی پروگرامنگ فراہم کر کے، ان کے مالیاتی علم کو بہتر بنانے کے لیے اینرچڈ اکیڈمی (Enriched Academy) ہر سال 900,000 ڈالروصول کرتی ہے اور کینیڈین فاؤنڈیشن فار اکنامک ایجوکیشن(Canadian Foundation for Economic Education) ہر سال 500,000 ڈالر وصول کرتی ہے۔ مزید بر آں، جونیئر اچیومنٹ (Junior Achievement) کو کنڈرگارٹن سے گریڈ 6 تک کے طلباء کو ہینڈز آن، تجرباتی مالیاتی خواندگی، کام کی تیاری اور کاروباری تعلیم فراہم کرنے کے لیے ہر سال 250,000 ڈالرموصول ہوتے ہیں۔

مالیاتی خواندگی کا مفت ویبینار

فراہم کردہ فنڈز میں سے کچھ مالی خواندگی پروگرامنگ کے حصے کے طور پر، بروز منگل، 26 نومبر کو گریڈ 4 سے گریڈ 12 کے طلباء اور اساتذہ کے لیے اینرچڈ اکیڈمی (Enriched Academy) کو مفت براہ راست (لائیو) ویبینار کی میزبانی کرنے میں مدد کرے گی۔ ویبینار طلباء کو یہ سکھائے گا کہ اعتماد کے ساتھ اپنا کریڈٹ کیسے بنایا جائے اور طلباء کو شامل کرنے اور حوصلہ افزائی کرنے کے لئے ایک انٹرایکٹو گیم شو فارمیٹ پیش کرے گا تاکہ یہ سیکھنا ممکن ہوسکے کہ کریڈٹ کیسے کام کرتا ہے اور کریڈٹ اور اپنے ذاتی مالیات کو اعتماد کے ساتھ کس طرح سنبھالنا ہے۔ وہ طلباء اور اساتذہ جو حصہ لینے میں دلچسپی رکھتے ہیں، ویبنار کے لیے آن لائن رجسٹر ہو سکتے ہیں۔

اساتذہ البرٹا کے نصاب میں مالی خواندگی کے سیکھنے کے نتائج کو سپورٹ کرنے کے لیے تینوں تنظیموں کی ویب سائٹس سے سبق کے منصوبوں، سرگرمیوں، اور انٹرایکٹو ٹولز تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

فوری حقائق

- ان تین تنظیموں کی طرف سے پیش کردہ مالی خواندگی پروگرامنگ سالانہ 350,000 سے زیادہ طلباء تک پہنچتی ہے۔
- البرٹا کے تجدید شدہ گریڈ K سے لے کر گریڈ 6 تک (K-6) کے نصاب میں مالی خواندگی کی مہارتوں پر زیادہ زور دینے کے ساتھ ساتھ تمام درجات میں مالی خواندگی کی مضبوط تر بنیاد شامل ہے۔

متعلقہ معلومات

- مالی خواندگی کی گرانٹس
- مالیاتی خواندگی کے ویبینار

میڈیا سے پوچھ گچھ

کیون لی (Kevin Lee)

587-785-4366
پریس سیکرٹری ایجوکیشن (Press Secretary, Education)